This question paper contains 3 printed pages. Your Roll No.................

7851

A

ADVANCED DIPLOMA

URDU – Paper II

Time : 3 hours Maximum Marks :100

(Write your Roll No. on the top of immediately on receipt of this question paper).

تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل میں کسی ایک اقتباس کا خلاصہ مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

اتنے میں اس کو اپنے ماں باپ، بھائی بہن، دوست آشنا یاد آئے جن کی ہڈیاں قبروں میں گل کر خاک ہو چکی تھیں۔ ماں گویا محبت سے اس کو چھاتی سے لگائے، آنکھوں میں آنسو بھرے کھڑی ہے یہ کہتی ہوئی کہ "ہائے بیٹا وقت گزر گیا۔" باپ کا نورانی چہرہ اس کے سامنے ہے اور اس میں سے یہ آواز آتی ہے کہ "کیوں بیٹا ہم تمہارے ہی بھلے کے لیے نہ کہتے تھے۔" بھائی بہن دانتوں میں انگلی دبائے ہوئے خاموش ہیں اور ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑی جاری ہے، دوست آشنا سب غمگین کھڑے ہیں اور کہتے ہیں کہ "اب ہم کیا کر سکتے ہیں۔"

ایسی حالت میں اس کو اپنی وہ باتیں یاد آتی ہیں جو اس نے نہایت بے پروائی اور بے مروتی اور کج خلقی سے اپنے ماں باپ، بھائی بہن، دوست آشنا کے ساتھ برتی تھیں۔ ماں کو رنجیدہ رکھنا، باپ کو ناراض کرنا، بھائی بہن سے بے مروت رہنا، دوست آشنا، کے ساتھ ہمدردی نہ کرنا، یاد آتا تھا، اور اس پر ان گلی ہڈیوں میں سے ایسی محبت کا دیکھنا اس کے دل کو پاش پاش کرتا تھا۔ اس کا دم چھاتی میں گھٹ جاتا تھا اور یہ کہہ کر چلا اٹھتا تھا کہ " ہائے وقت نکل گیا۔ ہائے وقت نکل گیا۔ اب کیوں کہ اس کا بدلہ ہو۔"

(ب)

کچھ لوگ معمولی اور گھٹیا درجے کی کتابیں پڑھنے کے بڑے شوقین ہوتے ہیں۔ کچھ اس لیے کہ ایسا کرنا فیشن میں داخل سمجھا جاتا ہے اور کچھ اس لیے کہ اس سے انہیں معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ پہلی بات تو بالکل بچکانہ ہے۔ دوسری بات کچھ ٹھیک ضرور ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہم معمولی، بے کار اور گھٹیا درجے کی معلومات سے اپنے دماغ کو بھرتے چلے جائیں تاکہ اعلیٰ درجے کی معلومات کے لیے دماغ میں جگہ ہی باقی نہ رہے۔ اگر ہم غور کریں تو شروع سے لے کر اب تک ہم نے بے شمار کتابیں پڑھی ہوں گی۔ لیکن ان میں سے بہت سی کتابوں کے اب نام بھی

یاد نہیں ہوں گے۔

اچھی کتاب ایک لافانی چیز ہوتی ہے۔ وہ خود ہی لافانی نہیں ہوتی بلکہ اپنے لکھنے والے کو بھی لافانی بنا دیتی ہے۔ یہی نہیں بلکہ جن لوگوں کا اس کتاب میں ذکر آتا ہے وہ بھی لافانی بن جاتے ہیں۔ اچھی کتابوں نے انسان کے اخلاق، ان کی عادتوں اور رہن سہن پر بڑا اچھا اثر ڈالا ہے۔ ان کے خیالات میں زبردست تبدیلی پیدا کی ہے۔ قوموں میں ہلچل اور انقلاب پیدا کیا ہے اور ملکوں کی کایا پلٹ کر رکھ دی ہے۔

۲۔ ذیل میں سے کسی ایک افسانے کا خلاصہ لکھیے۔

الف۔ مہالکشمی کا پل

ب۔ چوتھی کا جوڑا

ج۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ

۳۔ ''ایک بار الکشن میں'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

یا

فرحت اللہ بیگ کی نثر کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

۴۔ رجب علی بیگ سرور کی نثر کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

یا

پریم چند کی افسانہ نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

۵۔ علی گڑھ تحریک پر ایک مضمون لکھیے۔

یا

محمد حسین آزاد پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔